سائن کی تنصیب اور محکمے کا
لائسنس یافتہ ماسٹر یا اسپیشل سائن
ہینگر تلاش کرنے کے بارے میں مزید
معلومات کے لیے، QR کوڈ استعمال
کر کے DOB کی سائٹ ملاحظہ کریں۔

NYC Buildings

اپنی پراپرٹی کی زوننگ ڈسٹرکٹ اور اس پر قابل اطلاق
زوننگ کے ضوابط کا تعین کرنے کے لیے
NYC محکمہ شہری منصوبہ بندی کی ویب سائٹ
www.nyc.gov/planning ملاحظہ کریں۔

- سائبان سائن
- فلیٹ پینل سائن
- روشنی والے سائن
- پینٹ شدہ سائن
- سہ رخی حروف والے سائن

NYC Buildings

کاروباری سائن نصب کرنا

کاروباری سائن کیا ہوتا ہے؟

کاروباری سائن، جنہیں نیویارک سٹی زوننگ قرارداد کے مطابق معاون سائن کہا جاتا ہے، جہاں نصب ہوتے ہیں وہاں کاروبار کی موجودگی کی نشاندہی کرتے ہیں۔ مثلاً، کسی ریٹیل اسٹور نے اپنے دروازے کے اوپر کاروباری سائن پر اپنا نام لکھا ہوتا ہے۔ تشہیری سائن، کاروباری سائن سے مختلف ہوتا ہے۔ تشہیری سائن کسی دوسرے مقام پر موجود اشیاء اور خدمات کی تشہیر کرتے ہیں، جیسے کہ کسی مووی کے لیے بل بورڈ۔

کاروباری سائن کی تنصیب اور شکل پر کون سے ضوابط لاگو ہوتے ہیں؟

نیویارک سٹی کے تعمیراتی کوڈز (کنسٹرکشن کوڈز) کسی کاروباری سائن کی تنصیب اور تعمیر کا سلامتی کے نقطہ نظر سے انضباط کرتے ہیں۔ مثلاً، تعمیراتی کوڈز ایسے سائن کی جسامت کی حد مقرر کرتے ہیں جو پرمٹ کے بغیر نصب کیا جا سکتا ہے اور تقاضا کرتا ہے کہ سائن کی تنصیب کے لیے ایک پیشہ ور ماسٹر یا اسپیشل سائن ہینگر کی خدمات حاصل کی جائیں۔ نیویارک سٹی زوننگ قرارداد کسی سائن کی شکل کے بہت سے پہلوؤں کا انضباط کرتی ہے جن میں سائن کا اجازت شدہ مقام اور سائز شامل ہے۔

کسی کاروباری سائن کی تنصیب کے لیے پرمٹ کب ضروری ہوتا ہے؟

ہر کاروباری سائن کی تنصیب کے لیے پرمٹ ضروری ہوتا ہے، ماسوائے اس کے کہ سائن کو براہ راست عمارت پر ہی پینٹ کیا گیا ہو یا سائن کا سطحی رقبہ چھ مربع فٹ سے کم ہو اور یہ روشنی والا بھی نہ ہو۔

سائن کی تنصیب کون کر سکتا ہے؟

سائن کے سائز اور/یا وزن کی مناسبت سے، ایک رجسٹر شدہ جنرل کنٹریکٹر، ماسٹر سائن ہینگر یا اسپیشل سائن ہینگر کی خدمات کی ضرورت درکار ہو سکتی ہیں۔

- ایک رجسٹر شدہ جنرل کنٹریکٹر ایسے بغیر روشنی والے کاروباری سائن نصب کر سکتا ہے جن کا متن محدود مقدار میں ہو۔
- اسپیشل سائن ہینگر ایسے سائن اوپر اٹھانے، نیچے اتارنے، لٹکانے یا منسلک کرنے کے لیے محکمے کی جانب سے لائسنس یافتہ ہوتا ہے جن کا کل سطحی رقبہ 150 مربع فٹ سے زیادہ نہ ہو اور جن کا وزن 1200 پاؤنڈ سے زیادہ نہ ہو۔
- ماسٹر سائن ہینگر کسی بھی سائز یا وزن کے سائن اوپر اٹھانے، نیچے اتارنے، لٹکانے یا منسلک کرنے کے لیے محکمے کی جانب سے لائسنس یافتہ ہوتا ہے۔

مزید براں، سائن کیے سائز اور/یا وزن کی مناسبت سے، ریاست نیویارک کے رجسٹر شدہ آرکیٹیکٹ یا لائسنس یافتہ پیشہ ور انجینئر کی جانب سے ڈیزائن پلان بنانے اور محکمے کے پاس جمع کروانے کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

2019 کا مقامی قانون 28

- 9 فروری 2019 سے، DOB کاروباری اسٹورز کے فرنٹ کے ایسے سائن پر پرمٹ کے بغیر کام کرنے کی خلاف ورزیوں پر سول جرمانے نہیں عائد کرے گا جس کا سطحی رقبہ 150 مربع فٹ سے زیادہ نہ ہو اور وزن 1200 پاؤنڈ سے زیادہ نہ ہو۔ ایسے کاروبار جنہیں 28 دسمبر 2017 یا اس کے بعد خلاف ورزیاں موصول ہوئی ہیں اور انہوں نے جرمانے ادا نہیں کئے ہیں، وہ DOB کے کسی بورو دفتر میں L2 فارم جمع کروا کر معافی کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔
- 9 فروری 2019 سے سے 9 فروری 2021 تک، DOB کاروباری اسٹورز کے فرنٹ کے ایسے سائن پر خلاف ورزی جاری نہیں کرے گا جو 9 فروری 2019 یا اس سے پہلے سے موجود تھے، ماسوائے اس کے کہ اس سائن کی وجہ سے لوگوں کی صحت و سلامتی کو کوئی ناگزیر خطرہ لاحق ہو یا DOB فیصلہ کرے کہ وہ سائن بصورت دیگر باضابطہ ہونے کے لیے اہلیت نہیں رکھتا ہے۔

  نوٹ: آیا کہ کاروباری اسٹورز کے فرنٹ کا سائن باضابطہ ہونے کے لیے اہلیت رکھتا ہے، DOB اس کے فیصلے کے لیے 311 شکایات پر جواب دینا جاری رکھے گا۔
- اگست 2019 سے:
  - محکمہ مالیات (DOF) کاروباروں کو کاروباری اسٹورز کے فرنٹ کے سائن سے متعلقہ واجب التصفیہ فیصلوں کو نمٹانے کے لیے 6 ماہ کا ایک پروگرام تیار کرے گا۔
  - ایسے کاروبار جنہیں یکم جون 2006 اور 9 فروری 2019 کے درمیان کاروباری اسٹورز کے فرنٹ کے سائن خلاف کی ورزیاں موصول ہوئیں اور انہوں نے قابل اطلاق جرمانے ادا کئے، DOB ان کے لیے اسٹورز کے فرنٹ کے قانونی سائن نصب کرنے میں تکنیکی مدد فراہم کر کے اور پرمٹ فیس کا 75% معاف کر کے معاونت کا 6 ماہ کا ایک پروگرام تیار کرے گا۔
  - DOF، DOB اور محکمہ برائے چھوٹا کاروبار خدمات یہ یقینی بنانے کے لیے مل جل کر کام کریں گے کہ کاروبار کاروباری اسٹورز کے فرنٹ کے سائن کے قابل اطلاق قوانین اور ضوابط سے واقف ہوں اور مذکورہ بالا عارضی پروگراموں کی تشہیر ہو۔
- نیویارک سٹی تعمیراتی کوڈز اور نیویارک سٹی زوننگ قرارداد میں موجود کاروباری اسٹورز کے فرنٹ کے سائن کے ضوابط سے متعلقہ مسائل کی چھان بِین کے لیے ایک ٹاسک فورس بلائی جائے گی۔

مزیدوسائل

سائن کی تنصیب سے متعلق مزید معلومات کے لیے، DOB کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں: www1.nyc.gov/site/buildings/safety/installing-a-sign.page.

اپنی پراپرٹی کی زوننگ ڈسٹرکٹ اور اس پر قابل اطلاق زوننگ کے ضوابط کا تعین کرنے کے لیے محکمہ شہری منصوبہ بندی کی ویب سائٹ www.nyc.gov/planning ملاحظہ کریں۔